© rasailojaraid.com

مرسلہ: محترم لطیف الفت (راولپنڈی)

# نوادرات

## استیصالِ مرزائیت کے لئے مجلسِ احرار اسلام کی شاندار خدمات پر مولانا اشرف علی تھانوی اور مولانا محمد منظور نعمانی رحمہم اللہ کا خراجِ تحسین

شعبۂ تبلیغ مجلس احرار اسلام ۱۹۳۴ میں قائم ہوا اور فتنۂ مرزائیت کے استیصال کے لئے شاندار خدمات انجام دیں آج بھی احرار کا یہ شعبہ اپنے شاندار ماضی کا امین ہے۔ جس طرح ۱۹۳۴ء میں احرار نے قادیان میں مرکز اسلام "مدرسہ ختم نبوت و مسجد" قائم کی بالکل اسی طرح ربوہ میں ۱۹۷۶ء میں "مسجد احرار، مدرسہ ختم نبوت" قائم کیا۔ شعبۂ تبلیغ کے تحت مبلغین رد قادیانیت کے محاذ پر سرگرم عمل ہیں۔ ربوہ میں ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم کی نگرانی میں کارکنان احرار فتنۂ قادیانیت کی سرکوبی کے لئے جد عمل میں مصروف ہیں۔ ملک بھر میں تقریباً ۲۵ تعلیمی ادارے اسی شعبہ کے تحت کام کر رہے ہیں۔ ایک ماہنامہ "نقیب ختم نبوت" کے نام خوش نام سے گزشتہ دس برس سے قلمی محاذ پر جہاد کر رہا ہے۔ علاوہ ازیں فتنۂ قادیانیت کے رد میں تقریباً ۳۰ کتابیں شعبۂ تبلیغ نے شائع کی ہیں۔ احباب و قارئین اور جمیع مسلمانوں کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ مجلس احرار اسلام کے اس تعلیمی، تبلیغی اور اشاعتی جہاد میں مالی و اخلاقی تعاون فرمائیں۔ ذیل میں ماہنامہ "الفرقان" لکھنؤ ربیع الاول ۱۳۵۳ھ کے شمارہ سے دو اہم نوادر پیش کئے جا رہے ہیں

(۱) شعبۂ تبلیغ مجلس احرار اسلام

* حضرت مولانا محمد منظور نعمانی قدس اللہ سرہ العزیز، مدیر "الفرقان" کے قلم سے شعبۂ تبلیغ مجلس احرار اسلام کی خدمات پر تحسین اور تعاون کی اپیل ہے۔

(۲) حضرت حکیم الامت قدس سرہ کا مکتوب گرامی

* حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کا مکتوب گرامی، بنام رئیس الاحرار مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی رحمہ اللہ۔ یہ مکتوب بھی شعبۂ تبلیغ مجلس احرار اسلام کی طرف سے استیصالِ مرزائیت کے سلسلہ میں خدمات پر تحسین تعاون اور دعاء پر مبنی ہے۔

یہ دونوں نوادر ہمارے کرم فرما محترم لطیف الفت صاحب (راولپنڈی) نے ارسال کئے ہیں۔ (مدیر)

### شعبۂ تبلیغ مجلس احرار اسلام لاہور

احرار کے شعبۂ تبلیغ نے فتنۂ مرزائیت کے استیصال کے سلسلہ میں جو زریں خدمات انجام دی ہیں وہ اخبار بین طبقہ کے لئے کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ علیٰ وجہ البصیرت کہا جا سکتا ہے کہ آغاز مرزائیت سے اب تک علماء اسلام کی مجموعی مساعی نے جو کام نہیں کیا تھا وہ سرفروشان احرار کی ایک سال کی جدوجہد نے کر دکھایا اور اس کا احساس ہم سے زیادہ خود فرزندان مرزائیت کو ہے۔ خلیفہ محمود کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ احرار کو اپنی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جماعت کے لئے "ملک الموت" سمجھ رہے ہیں۔

لیکن یہ دنیا عالم اسباب ہے اور یہاں کا کوئی کام بغیر پیسے کے نہیں چل سکتا۔ بالخصوص اس وقت استیصال مرزائیت کا جو پروگرام احرار کے سامنے ہے اس کی کامیابی سرمایہ کی فراوانی ہی پر منحصر ہے۔ میں تمام اہل اسلام سے عموماً اور ناظرین "الفرقان" سے خصوصاً آقائے کونین ﷺ کی نبوت اور ختم نبوت کے تحفظ کے نام پر اپیل کرتا ہوں کہ وہ شعبۂ تبلیغ کے اس خالص مذہبی جہاد کو کامیاب بنانے کے لئے پوری ہمت کے ساتھ اس کی مالی امداد کریں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ کا پیسہ اس میں صرف ہوگا وہ ضائع نہیں جائے گا۔ ان اللہ لا یضیع اجر المحسنین میں آپ حضرات کی ترغیب اور تشویش کے لئے یہ عرض کرنے میں بھی کوئی مضائقہ نہیں سمجھتا کہ انجمن اشاعت اسلام بریلی نے میری تحریک پر پچاس روپیہ شعبہ کو دیئے ہیں جس میں ایک حقیر سا حصہ میرا بھی شامل ہے جو حضرات اس گزارش پر کوئی چھوٹی بڑی رقم مجلس احرار کو بھیجیں وہ اگر مجھ کو اطلاع دیدیں تو مجھے مسرت ہوگی۔ منی آرڈر، سیکرٹری شعبۂ تبلیغ مجلس احرار اسلام لاہور کے پتہ پر کرنا چاہیے اور اس کے کوپن میں یہ تصریح کر دی جائے کہ یہ شعبۂ تبلیغ کے لئے ہے۔

اس کے بعد اس سلسلہ میں حکیم الامت مدظلہ کا وہ مکتوب گرامی بھی درج کیا جاتا ہے جو آں ممدوح نے صدر مجلس احرار حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی کے نام لکھا تھا اور جواب سے پہلے اخبارات میں چھپ چکا ہے۔

## حضرت حکیم الامت کا مکتوب گرامی

بخدمت مکرمی مولانا حبیب الرحمن صاحب دام فضلہم — السلام علیکم ورحمۃ اللہ

عنایت نامہ پہنچا۔ مجلس احرار کا شعبۂ تبلیغ دفع مضرت قادیانیت کے لئے جو نصرت اسلام کر رہا ہے

۱۔ وہ سب اہل اسلام کا فریضہ ہے جس کو مجلس احرار نے اپنے ذمہ لیا ہے

۲۔ خصوصاً اس کی یہ تجویز کہ قادیان کے اندر مسجد و مدرسہ و دفتر ہو اور قادیان کے قریب جلسہ کی جگہ ہو نہایت پُر مصلحت ہے

۳۔ مقصود بالا میں اس کی امداد تمام مسلمانوں پر بقدر استطاعت واجب ہے۔ یہ تینوں دعوے نصوص سے متاید ہیں۔

اما الاوّل فلقولہ تعالےٰ و من اظلم ممن افتریٰ علی اللہ کذباً اوقال اوحی الیّ ولم یوح الیہ شئی، الایہ بانضمام قولہ علیہ اسلام من رایٔ منکم منکر افلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ الحدیث

آیت سے غیر نبی کے دعویٰ نبوت کا جو کہ افترا علی اللہ ہے ظلم عظیم ہونا اور اس ظلم کا منکر شدید ہونا اور حدیث سے اس منکر کی تغیر کا بقدر استطاعت واجب ہونا ظاہر ہے۔

اما الثانی فلقو لہ تعالےٰ ولا یزال الذین کفر و اتصیبہم بما صنعو؛ قارعۃ اوتحل قریباً من دارھم الایتہ و دلا لتہ غیر خفی علی اھل العلم ۔ اما الثالث فلقو لہ تعالےٰ و امر بالمعروف و انہ عن المنکر مع الحدیث المذکور


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور اعانت بانفاق المال کی (کہ وہ بھی ایک پہلی قسم ہے تغییر بالید کی مال صالح کو ذات الید بھی کہا جاتا ہے۔ استطاعت کا عام ہونا ظاہر ہے کیونکہ ایسا کوئی مسلمان نہیں جو ایک پیسہ بھی نہ دے سکے اور بفرض محال اگر کوئی ایسا ہو بھی تو دعا قلبی سے تغییر بالقلب پر عمل کرسکتا ہے۔ بہر حال اس طرح سے اس تغییر و اعانت کے سب مکلف ہوئے۔ میں بھی ایک حقیر رقم پچیس روپے کی مجلس کی نذر کرتا ہوں اور کامیابی کی دعا بھی کرتا ہوں اور عمال مجلس کی خدمت میں خیر خواہی سے مشورہ بھی عرض کرتا ہوں کہ اس خدمت میں بھی مثل دیگر خدمات کے حدود شرعیہ کو محفوظ رکھیں۔

خصوص تقریر و تحریر میں ظاہراً امن و سکون کا اور باطناً صدق و خلوص کا التزام رکھیں جس سے یہ خدمت اپنی ہئیت میں اُدع الی سبیل ربک بالحکمۃ و الموعظۃ الحسنۃ جادلھم بالتی ھی احسن کا نمونہ ہو جائے بلکہ اگر دوسری جانب سے کچھ ناگواری بھی پیش آئے تب بھی ادفع بالتی ھی احسن السیئۃ کو دستور العمل بنایا جائے اور اگر نفس میں ہیجان بھی ہو تو اس تعلیم اخیر کے تتمہ پر عمل کیا جائے یعنی قل رب اعوذ بک من ہمزات الشیاطین و اعوذ بک رب ان یحضرون۔

اب شعبہ کی کامیابی کے ساتھ اس کے اعانت کرنیوالے حضرات کے لئے دارین کی صلاح و فلاح و نجاح کی دعا پر اس معروضہ کو ختم کرتا ہوں۔ والسلام از تھانہ بھون ۱۵ ذیقعد ۱۳۵۳ھ

---

(بقیہ از صـ ۶۴)

- ملتان سے ہمارے کرم فرما اور سلیمن دواخانہ کے مالک محترم مسعود اختر صاحب کے سسر گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔
- ادارہ نقیب ختم نبوت کے تمام اراکین مرحومین کیلئے دعاء مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہار ہمدردی کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور خطاؤں کو معاف کر کے درجات بلند فرمائے۔ (آمین)
- قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کیلئے دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

## دعاء صحت

بھوئی گاڑ (اٹک) سے ہمارے مہربان مولانا حسین احمد قریشی کی والدہ ماجدہ علیل ہیں......

ربوہ سے ہمارے رفیق فکر مولانا عبدالواحد مخدوم کی والدہ ماجدہ شدید علیل ہیں۔

احباب ان کی شفاء یابی کیلئے دعاء فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ عطاء فرمائے (آمین)


## مجلس احرار اسلام پاکستان پس منظر ۔ پیش منظر

مجلس احرار اسلام کے تعارف، عزائم اور مقاصد پر مشتمل اہم پمفلٹ رکنیت سازی مہم کے موقع پر نئے احباب کو پیش کرنے کے لئے ایک خوبصورت تحفہ

قیمت=/300 روپے فی سینکڑہ

ملنے کا پتہ: دفتر مجلس احرار اسلام، بیت التعیق، 27 سلطان احمد روڈ، اچھرہ، لاہور۔ فون نمبر: 7560450




© rasailojaraid.com